© rasailojaraid.com

ہوتی ہوتی ہیں کہ انہیں سادہ اجزا کی طرح تحلیل نہیں کیا جا سکتا۔ عقل انسانی اس معاملے میں عاجز ہے اور مشاہدہ اس میدان میں بے بس ہوتا ہے۔ اس بنا پر جو لوگ سائنس پر بے جا اعتماد کر کے یہ کہتے ہیں کہ وہ اس کی مدد سے انسانی مسائل کو پوری طرح حل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے وہ سراسر غلطی پر ہیں۔ انسان رشد و ہدایت کے لیے وحی الٰہی کا محتاج ہے۔ مصنف کا انداز بیان بڑا سادہ اور موثر ہے۔

**المنہاج الواضح یعنی راہِ سنت** | مولانا ابو الزاہد محمد سرفراز خاں صفدر صاحب۔ صفحات ۲۸۰
قیمت فی جلد ساڑھے تین روپے۔ ناشر: انجمن مدرسہ نصرۃ العلوم۔ گوجرانوالہ

اس کتاب میں فاضل مصنف نے بڑی تحقیق اور عرق ریزی کے ساتھ ان مشہور بدعات کا رد کیا ہے جو معاشرہ کے رگ و پے میں دین کی حیثیت سے سرایت کر چکی ہیں۔ مولانا محترم کا انداز بیان بڑا عالمانہ ہے اور انہوں نے اپنے ہر قول کی تائید قرآن و سنت کے دلائل سے کی ہے۔ انہوں نے سب سے پہلے قرآن حکیم اور صحیح احادیث کی روشنی میں بدعت لغوی اور شرعی کا مفہوم واضح کیا ہے اور پھر معاشرہ میں مروجہ بدعات مثلاً میلاد، عرس، قبروں پر چراغاں، قبروں کو پختہ بنانا، قبروں پر اذان کہنا اور اسی نوعیت کے دیگر غیر شرعی کاموں پر گرفت کر کے بتایا ہے کہ دین کے ساتھ ان کا قطعاً کوئی تعلق نہیں۔ یہ محض دین کے نام پر عوام کو دھوکہ دینا ہے۔

**گلدستہ سعدی** | از مولانا حکیم حسین علوی۔ ناشر: مکتبہ عقیل ۴/۴ مومن پورہ۔ راوی روڈ لاہور۔ صفحات ۲۳۲۔

گلستان سعدی کو دنیا کے اخلاقی ادب میں جو بلند مقام حاصل رہا ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ آج سے نصف صدی پیشتر ہر طالب علم اپنی تعلیم کا آغاز اس اخلاق آموز کتاب سے کرتا تھا۔ اس کتاب کے بیشمار تراجم دنیا کی مختلف زبانوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب گلدستہ سعدی اس شہرۂ آفاق تصنیف کا منظوم اردو ترجمہ ہے۔ ترجمہ کا فن یوں بھی بڑا مشکل ہے اور پھر جب پیش نظر نظم کا دوسری زبان میں منظوم ترجمہ ہو تو معاملہ اور بھی پیچیدہ اور مشکل ہو جاتا ہے۔ مولانا حکیم محمد حسین صاحب نے بڑی قابلیت کے ساتھ

© rasailojaraid.com